Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۱ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۰ رمضان المبارک ۱۳۵۵ھ مطابق ۵ دسمبر سنہ ۳۶ء جلد ۴۸

حصۂ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱	منظوری توسیع مدت ملازمت سید ناصر حسین صاحب ایڈیشنل ناظم	۲
۲	تفویض کار عہدۂ فائنانس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر و اظہار قدردانی نسبت انجام دہی خدمات متعلقہ مسٹر سید محمد جمیل صاحب ریٹائرڈ فائنانس سکریٹری	؍؍

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- واقع ۲۹ ر نومبر ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ سید ناصر حسین ایڈیشنل ناظم کی مدت ملازمت میں تاریخ ختم میعاد سے بشرائط موجودہ ایک سال کی توسیع منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

سید ناصر حسین صاحب ایڈیشنل ناظم کی مدت ملازمت ۱۵ ر نومبر ۱۹۳۶ء کو ختم ہو گئی ہے۔ عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر ان کی مدت ملازمت میں ایک سال کی توسیع کے خواہاں ہیں۔ ترقیجواد مستدعی ہے کہ سید ناصر حسین صاحب ایڈیشنل ناظم کی مدت ملازمت میں ختم میعاد سے بشرائط موجودہ ایک سال کی توسیع منظور فرمائی جائے۔ بیشگاہ ہمایوں سے حکم صادر ہونے پر گورنمنٹ سے اسٹاف میں مراسلت کی جائیگی۔ عرضداشت بغرض صدور حکم حضور انور میں پیش ہے۔ زیادہ حد ادب دولت و اقبال بر ترقی باد۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر ۲۹ نومبر ۱۹۳۶ء

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ بعد اجرائے احکام عرضداشت ہذا دارالانشاء میں بھیجی جائے۔ ۳۰ ر نومبر ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار :- واقع یکم دسمبر ۱۹۳۶ء

مسٹر سید محمد جمیل صاحب فائنانس سکریٹری بہادر کی خدمات کی مدت ۳۰ ر نومبر ۱۹۳۶ء کو ختم ہو گئی۔ چونکہ وہ آج رخصت پر چلے جائینگے۔ لہٰذا مسٹر سید محمد عباس زیدی بہادر ریونیو سکریٹری مسٹر سید محمد جمیل صاحب سے صیغہ فائنانس کا چارج لیں۔ مسٹر سید محمد عباس زیدی بہادر علاوہ کار متعلقہ کے تا صدور حکم ثانی صیغہ فائنانس کا کام بھی انجام دینگے۔

مسٹر سید محمد جمیل صاحب نے اپنی مدت ملازمت ریاست میں خدمات متعلقہ حسن دیانت داری اور محنت سے انجام دیں اور بابدولت و اقبال کے حسب احکام تنظیم ملازمت ریاست میں جو سعی بلیغ کی اوسکی ہم قدر کرتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

بائی آرڈر

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر